**16-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما عوام کی حمایت حاصل کرنے کیلئے مختلف ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔
☆ حکومت نے عام طور پر استعمال ہونے والی 41 دواؤں اور 6 کیمیاوی مرکبات کی قیمتوں کو کم کردیا ہے۔
☆ بھارت نے عالمی مانگ کے مطابق گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کی سہولت قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔
☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے اگلے پانچ روز کے دوران ملک کے شمال مغربی علاقوں اور بہار میں گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی ہے۔
☆ کھیلوں کی وزارت نے 2028 لاس اینجلس اولمپکس میں ملک کے تمغوں کی فہرست کو بہتر کرنے کیلئے اسکوائش کے تین کھلاڑیوں کو اہم TOPS اسکیم میں شامل کیاہے۔
☆ اور تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن میں ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارت کے مردوں کے ڈبلز کی جوڑی کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**UP PM Rallies**

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما اپنی اپنی پارٹی کیلئے عوام کی حمایت حاصل کرنے کیلئے ریاستوں کا دورہ کر رہے ہیں۔مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے آج اترپردیش میں لوک سبھا انتخابات کے اگلے مرحلے کیلئے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے اپنی پوری طاقت جھونک دی۔ وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج کہا کہ شہریت ترمیمی قانون CAA مودی کی گارنٹی کی واضح مثال ہے اور یہ بات بالکل عیاں ہے کہ BJP اپنے وعدوں کو پورا کرتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ CAA کو ختم نہیں

کیا جائے گا۔

S/B 2100 PM Modi on CAA

اترپردیش کے جونپور ضلع میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اس مرتبہ کا لوک سبھا چناؤ ملک کیلئے ایک ایسے لیڈر کو منتخب کرنے کا موقع ہے جو ایک مضبوط حکومت کی قیادت کرسکتا ہے اور جو دنیا کو بھارت کی طاقت کے بارے میں باخبر کرسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے پہلے ترقی بڑے شہروں تک محدود تھی لیکن اب ایودھیا اور کاشی جیسی جگہوں پر بھی کافی ترقی ہوئی ہے۔ انھوں نے ریاست کے اعظم گڑھ، بھدوہی اور پرتاپ گڑھ ضلعوں میں بھی انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔

دوسری طرف کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے رائے بریلی میں انتخابی ریلی کی۔ BJP کی سخت نکتہ چینی کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ بھگوا پارٹی لاقانونیت کو فروغ دے رہی ہے۔

انھوں نے گئوشالاؤں میں سہولتوں کی کمی پر حکومت کی تنقید کی۔

S/B Priyanka Gandhi

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے باندہ میں BJP کی تنقید کی اور کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں بدعنوانی میں پوری طرح ڈوبی ہوئی ہیں۔ انھوں نے فتح پور ضلع میں چناؤ ریلی سے خطاب کیا۔ پانچویں اور چھٹے مرحلے کے تحت پارلیمانی حلقوں میں ہونے والے انتخابات کیلئے یہ ریلیاں کی جارہی ہیں۔x

## **Bihar Campaigning**

بہار میں NDA اور عظیم اتحاد کے کئی سینئر لیڈروں اور Star Campaigners نے آج اپنے حامی امیدواروں کے حق میں عوامی جلسے کئے۔

سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے سیتامڑھی اور مدھوبنی میں انتخابی ریلیاں کیں۔

سیتامڑھی میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں وکشمیر سے دفعہ 370 ہٹا کر ایک ملک ایک آئین کی حقیقی روح کا نفاذ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان کے زیر انتظام مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں شامل کرلیا جائے۔ راشٹریہ لوک مورچہ کے امیدوار اور سابق مرکزی وزیر اپیندر کشواہا نے Karakat پارلیمانی حلقے میں اورنگ آباد، داؤدنگر میں گھر گھر تک جاکر انتخابی مہم چلائی۔

عظیم اتحاد میں RJD، کانگریس، وِکاس شیل انسان پارٹی اور بائیں بازو کی پارٹیوں کے لیڈروں نے مختلف پارلیمانی حلقوں میں کئی انتخابی ریلیاں کیں۔

RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو نے مہم کے دوران بے روزگاری اور نقل مکانی جیسے مسائل پر BJP کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ مدھوبنی میں RJD امیدوار کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔x

## **EC Delhi Home Voting**

انتخابی کمیشن نے دلّی میں لوک سبھا انتخابات کیلئے 85 سال سے زیادہ عمر کے بزرگوں اور دِویانگجنوں کیلئے گھر

سے ووٹ ڈالنے کی سہولت کا آغاز کردیا ہے۔ ووٹ ڈالنے کی یہ سہولت 24 مئی تک جاری رہے گی۔ دلّی میں چھٹے مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 25 تاریخ کو پولنگ ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Suparna

انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات میں پہلی بار ایک قدم کے طور پر بزرگوں اور دویانگ جنوں کو گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی ہے۔ 85 سال سے زیادہ عمر والے رائے دہندگان اور 40 فیصد تک کی معذوری والے افراد گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انتخابی عمل میں لوگوں کی شمولیت اور ان کی رسائی کو یقینی بنانے اور جمہوری شرکت کو فروغ دینے سمت میں یہ اقدام بڑی اہمیت کا حامل ہے۔

قومی دار الحکومت میں ایک لاکھ 75 ہزار سے زیادہ بزرگ شہری اور دویانگ افراد لوک سبھا انتخابات میں ووٹ دینے کے اہل ہیں، جس میں 97 ہزار سے زیادہ بزرگ شہری اور 76 ہزار سے زیادہ دویانگ افراد شامل ہیں۔

کُل پانچ ہزار 472 افراد نے گھر سے ووٹ دینے کی اِس سہولت کا انتخاب کیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے اِن بزرگ شہریوں اور معذور افراد کیلئے لانے اور لے جانے کی سہولت کا بھی انتظام کیا ہے۔

## Jharkhand Koderma Constituency Profile

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کی کوڈرما لوک سبھا سیٹ سے متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ جھارکھنڈ میں واقع کوڈرما پارلیمانی حلقے میں عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 20 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے کے تحت جھارکھنڈ کی دو اور لوک سبھا سیٹوں کے انتخابات کے علاوہ Gandey اسمبلی حلقے میں بھی ضمنی چناؤ کرائے جائیں گے۔ اِس مرتبہ کوڈرما پارلیمانی حلقے میں 22 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ یہاں آزاد امیدواروں سمیت کُل 15 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔

کوڈرما لوک سبھا حلقے میں اصل مقابلہ NDA کی امیدوار اور تعلیم کی مرکزی وزیرِمملکت انّا پورنا دیوی اور آئی این ڈی آئی اتحاد کی طرف سے CPI (ML) پارٹی کے امیدوار ونود کمار سنگھ کے درمیان ہونے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

**VC Shilpi**

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قیام سے ہی Koderma لوک سبھا حلقہ اس کی روایتی سیٹ رہی ہے۔ پہاڑوں اور سرسبز جنگلات سے گھرا یہ علاقہ، Mico یاقوت اور blue stone جیسے معدنیات سے مالا مال ہے۔ موجودہ انتخابی منظرنامے میں اس سیٹ کیلئے BJP پارٹی کا مقابلہ آزاد امیدواروں سے ہے۔ NDA کی امیدوار اور موجودہ رکن پارلیمنٹ Anna Purna Devi تمام امیدواروں کے درمیان کوڈرما حلقے کیلئے مضبوط ترین امیدوار ہیں۔ کوڈرما کا پارلیمانی حلقہ، کوڈرما، ہزاری باغ اور گریڈیہہ پر مشتمل 3 ضلعوں میں واقع کوڈرما،

Barkattha، Rajdhanwar، Bagoda Jamua اور Gandey اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے۔

گریڈیہہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر اس پارلیمانی حلقے کے ریٹرننگ آفیسر ہیں۔
2 ہزار 252 پولنگ مراکز کے ساتھ رائے دہندگان کی فہرست میں 11 لاکھ 40 ہزار مرد ووٹرز اور 10 لاکھ 65 ہزار خواتین ووٹرز ہیں۔
BJP نے سب سے زیادہ کوڈرما سیٹ جیتی ہے، جس میں پانچ مرتبہ BJP ممبر پارلیمنٹ آنجہانی Reetlal پرساد ورما اور Anna Purna Devi نے یہ سیٹ جیتی ہے۔
ان کے علاوہ کانگریس کے Tilakdhari سنگھ دو مرتبہ یہاں سے ممبر پارلیمنٹ رہ چکے ہیں۔ ممتاز انصاری ایک مرتبہ اور جھارکھنڈ وکاس مورچہ کے امیدوار بابو لال مرانڈی بھی یہاں سے ممبر پارلیمنٹ رہ چکے ہیں۔
2019 کے چناؤ میں Anna Purna Devi نے جھارکھنڈ وکاس مورچہ کے بابو لال مرانڈی کو 4 لاکھ 55 ہزار ووٹوں کے ریکارڈ فرق سے شکست دی تھی۔
اُنہیں 7 لاکھ 53 ہزار ووٹ ملے تھے جو کوڈرما کی سیٹ کی تاریخ میں اب تک کی سب سے بڑی جیت ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی اور اترپردیش کے نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ موجودہ NDA سرکار کی حمایت میں اس سیٹ کیلئے انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔

## Govt Medicines

حکومت نے ذیابیطس، دل اور جگر کے امراض کے علاج میں استعمال ہونے والی41 عام ادویات اور ادویات سازی میں استعمال ہونے والے 6 کیمیاوی مرکبات کی قیمتوں میں تخفیف کردی ہے۔ National Pharmaceutical Pricing Authority - NPPA کی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا تاکہ ضروری ادویات کی قیمتوں کو عام لوگوں کی دسترس تک یقینی بنایا جاسکے۔ دوا ساز کمپنیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مختلف ادویات کی تخفیف کردہ قیمتوں کے بارے میں ڈیلروں اور Stokists کو فوری طور پر مطلع کریں۔x

## India Green Hidrogen

نئی اور قابل تجدید توانائی کے سکریٹری بھوپیندر سنگھ بھلّا نے ہائیڈروجن کی عالمی معیشت میں ایک اہم کردار ادا کرنے کے ملک کے عزم کو اجاگر کیا۔ کل نیدرلینڈس کے Rotterdam میں عالمی ہائیڈروجن سمٹ 2024 سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مندوبین کو گرین ہائیڈروجن کیلئے پیداوار کی مانگ کی کسی بھی مقدار کو پورا کرنے کی بھارت کی صلاحیت کا یقین دلایا، بشرطیکہ مناسب مارکیٹ کی طلب اور مدد ہو۔ جناب بھوپیندر سنگھ بھلّا نے ملک میں قابل تجدید توانائی کی کم قیمت پر زور دیتے ہوئے قابل تجدید توانائی میں ایک عالمی رہنما کے طور پر بھارت کے مقام کو دُہرایا۔ انھوں نے عالمی مانگ کے مطابق گرین ہائیڈروجن کی پیداوار کی سہولت قائم کرنے کی پیشکش کی۔

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے ملک کے شمال مغربی علاقوں اور بہار میں اگلے پانچ روز کے دوران گرمی کی

لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے مشرقی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی کے علاقوں میں 20 مئی تک شدید گرمی کے حالات جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ ملک کے مشرقی اور وسطی علاقوں میں اِس مہینے کی 18 تاریخ سے گرمی کی لہر کا امکان ہے۔ موسمیات محکمے نے ملک کے جنوبی علاقوں میں 22 مئی تک کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ، ماہے اور کرناٹک کے جنوبی وسطی علاقوں میں کہیں کہیں بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ سکم، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ کے علاقوں میں آئندہ 20 تاریخ تک شدید بارش کا امکان ہے۔

IMD نے مزید کہا کہ اگلے تین روز کے دوران جنوبی بحیرۂ انڈمان اور جنوب مشرقی خلیج بنگال اور نیکوبار جزائر کی جانب، جنوب مغربی مانسون کے بڑھنے کا امکان ہے۔ موسمیات کی پیشگوئی کرنے والی ایجنسی نے ملک کے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی علاقوں نیز مہاراشٹر اور گجرات میں اگلے تین سے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرات میں تقریباً دو سے چار ڈگری سیلسیس بتدریج اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے بعد بھی موسم میں تبدیلی کا کوئی امکان نہیں ہے۔x

## Sikkim State Day

آج سکم کے قیام کو 49 سال پورے ہوئے۔ آج ہی کے دن  سکم کو 22 ویں ریاست کے طور پر بھارت میں شامل کیا تھا۔ سکم کا یوم تاسیس چنتن بھون گینگٹوک میں آج نہایت جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ اس موقع پر چنتن بھون کے احاطے میں منعقدہ تقریب کا آغاز معززین کے ذریعے سکم کے پہلے وزیر اعلیٰ پدم وبھوشن آنجہانی LD Kazi کے مجسّمے پر گلہائے عقیدت اور Khadas پیش کئے جانے کے ساتھ ہوا۔ گورنر لکشمن پرساد آچاریہ نے سکم کے بھارت کا اٹوٹ حصہ بننے کے 49 سال مکمل ہونے پر عوام کو مبارکباد دی اور مختلف شعبوں میں ریاست کے قابل ذکر سفر اور غیر معمولی ترقی کی تعریف کی۔ وزیر اعلیٰ پریم سنگھ توانگ نے بھارت کی سب سے زیادہ ترقی کرنے والی ریاستوں میں سے ایک کے طور پر سکم کی ترقی کو اجاگر کیا۔ انھوں نے صنعتکاری، زراعت، سیاحت اور دیگر شعبوں میں ترقی کے مواقع کو بھی اجاگر کیا۔x

## J&K Vaishno Devi Helicopter Service

جموں و کشمیر میں ویشنو دیوی شرائن بورڈ، اُن یاتریوں کی سہولت کیلئے جموں سے سانجھی تک چھت ہیلی کاپٹر خدمات شروع کر رہا ہے جو کم وقت میں خصوصی درشن کرنے کے خواہشمند ہیں۔ اس ہیلی کاپٹر سروس کا اعلان پہلے ہی کیا جاچکا ہے اور اس کے جون میں شروع ہونے کا امکان ہے۔ اس سہولت کے فائدہ اٹھانے والے یاتریوں کو پنچھی ہیلی پیڈ پر چھوڑا جائے گا، جو بھون سے ڈھائی کلو میٹر کی دوری پر ہے اور اِن یاتریوں کو خصوصی درشن بھی کرائے جائیں گے۔اس سلسلے میں شرائن بورڈ نے دو قسم کے پیکجوں کو متعارف کرایا ہے: ایک ہے 'Same Day Return' یعنی اسی روز واپسی، جس کیلئے فی 35 ہزار روپے کرایہ ہے اور دوسرا ہ: Nex Day Return یعنی دوسرے دن واپسی، جس کیلئے فی کس 50 ہزار روپے کرایہ ہے۔

اس وقت، ہیلی کاپٹر سروس کٹڑا سے سانجھی چھت کے درمیان ہی دستیاب ہے، جس میں ایک طرف سے ایک شخص کا کرایہ دو ہزار ایک سو روپے ہے۔ x

## Maharashtra Death Toll

ممبئی کے گھاٹ کوپر علاقے میں پیر کو اچانک دھول بھری آندھی آنے کی وجہ سے ایک بہت بڑا ہورڈنگ گر گیا تھا۔ قومی آفات سے نمٹنے والی فورس نے اس علاقے میں بچاؤ کارروائی کی۔ اس دردناک حادثے میں کُل 16 افراد کی موت ہوگئی جبکہ دیگر 95 افراد زخمی ہوگئے۔ یہ بچاؤ کارروائی آج صبح بھی جاری رہی جب ایئرٹریفک کنٹرول کے ایک ریٹائرڈ جنرل منیجر اور اس کی بیوی کی لاش کو ہورڈنگ کے ملبے کے نیچے پھنسی ایک کار سے نکالا گیا۔ جائے حادثہ کا معائنہ کرنے کے بعد ممبئی کے Civic کمشنر بھوشن گنگرانی نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ وہ جائے حادثہ کا اچھی طرح معائنہ کر رہے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی ملبے کے نیچے دبا نہ ہو۔x

## NIA Terrorist

تحقیقات کرنے والی قومی ایجنسی NIA نے پاکستان سے متعلق ممنوعہ دہشت گردانہ تنظیم جیشِ محمد سے تعلق رکھنے والے ایک اہم دہشت گرد کی سات غیر منقولہ جائیدار کو قرق کرلیا ہے۔ دہشت گرد سرتاج احمد منٹو کی کشمیر کے پلوامہ ضلع کے کساری گام میں واقع جائیدار کو آج قرق کرلیا گیا۔ سرتاج کو جنوری 2020 میں گرفتار کیا گیا تھا اور اس کے پاس سے بہت ہتھیار اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوئے تھے۔ x

## France Emergency

فرانس نے New Caledonia کے پیسفک archipelago میں ہنگامی حالات کا اعلان کر دیا ہے جہاں انتخابی اصلاحات کے خلاف بھڑکے پُرتشدد مظاہروں میں ایک پولیس افسر سمیت تین دیگر افراد مارے گئے تھے۔ New Caledonia فرانس کا عملداری میں سمندر پار علاقہ ہے جو آسٹریلیا کے مشرقی ساحل سے کئی سو میل دور واقع ہے۔فرانس کے عمل دخل کی وجہ سے عرصے سے جاری کشیدگی کے نتیجے میں حالیہ تشدد بھڑکا ہے۔ یہ انتشار پیر کے روز سے شروع ہوئی جب فرانس کے قانون سازوں نے علاقے میں انتخابی حقوق میں توسیع کے فیصلے پر ووٹ کرنے کی تیار کی۔ تاہم ناقدین کا ماننا ہے کہ اس سے ملک Kanak آبادی کو حاشیے پر رکھنے اور فرانس کے حامی سیاستدانوں کو فائدہ ہوگا۔قومی اسمبلی نے راتوں رات اس پر نظرثانی کی لیکن قانون سازی کے اس عمل کو قانون بننے کے لیے ضروری ہے کہ پارلیمنٹ کے دونوں ایوان آخری مرتبہ ووٹ کریں۔ فرانس کے حکام نے اطلاع دی ہے کہ کم از کم 130 افراد کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ x

## Tops Squash Players

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت کے مشن اولمپکس سیل (MOC)، اگلی نسل کے اسکواش کھلاڑی

Velavan Senthil Kumar اور Abhay Singh ،Anahat Singh کو ٹارگیٹ اولمپک پوڈیم اسکیم-TOPS کے ڈیولپمنٹ گروپ میں شامل کیا ہے۔

اسکواش کے کھلاڑیوں کو 2028 کے لاس اینجلس اولمپکس میں ملک کے تمغوں کی فہرست کو بہتر کرنے کیلئے TOPS میں شامل کیا گیا ہے کیونکہ اِس ایڈیشن میں اِس کھیل کا آغاز چار سالہ گیمز کے تحت ہوگا۔ برسوں سے Joshna Chinappa اور Dipika Pallikal ،Saurav Ghosal نے بھارت میں اِس مشعل کو روشن رکھا ہے اور اب انھوں نے اِسے اگلی نسل کے کھلاڑی Abhay Singh ،Anahat Singh اور Velavan Senthil Kumar کو سونپ دیا ہے۔

اس شمولیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے اسکواش ریکیٹس فیڈریشن آف انڈیا SRFI کے سکریٹری جنرل Cyrus Poncha نے کہا کہ ToPS پروگرام میں اسکواش کی شمولیت بھارت میں کھیلوں کیلئے ایک اہم لمحہ ہے۔ x

## Thailand Open Badminton

بیڈمنٹن میں ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی پر مشتمل بھارت کے مردوں کے ڈبلز کی سرکردہ جوڑی آج بینکاک میں تھائی لینڈ اوپن بیڈمنٹن کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔ بھارتی جوڑی نے Xie Hao Nan اور Zeng Wei Han پر مشتمل چین کی جوڑی کو اکیس-سولہ، اکیس-گیارہ سے شکست دی۔ بھارت کے Meiraba Luwang نے ٹورنامنٹ میں اپنا شاندار کھیل جاری رکھا۔ وہ ڈنمارک کے عالمی نمبر 54 کھلاڑی Mads Christensen کو اکیس-چودہ، بائیس-اکیس سے ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ بھارتی خواتین سنگلز کے دور سے باہر ہوگئیں۔ Ashmita Chaliha چین کی عالمی نمبر 7 کھلاڑی Han Yue سے ہار کر ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئیں۔ ستیش کمار کرونا کرن اور Aadya Varinath پر مشتمل بھارت کے مکسڈ ڈبلز کی جوڑی دوسرے راؤنڈ میں انڈونیشیا کی جوڑی Rinov Rivaldy اور Pitha Haningtyas سے ہار گئی۔x

## Slovakia PM

سلوواکیا کے وزیر اعظم Robert Fico اب خطرے سے باہر ہیں لیکن ان کی حالت ابھی تشویشناک ہے۔ ان پر کل Handlova میں جان لیوا حملہ ہوا تھا۔ اسپتال کیا یک اہلکار کے مطابق ان کو کئی گولیاں لگی تھیں، جس کیلئے ڈاکٹروں کی دو ٹیموں نے پانچ گھنٹے تک اس سرجری کو انجام دیا۔

وزیر اعظم Fico پر ہوئے اس قاتلانہ حملے نے پور سلوواکیا کو حیرت میں ڈال دیا ہے۔ Handlova کے سینٹرل ٹاؤن میں ایک سرکاری میٹنگ کی قیادت کے بعد جب وہ اپنے حامیوں سے مل رہے تھے تو اُن پر یہ حملہ ہوا۔ مشتبہ حملہ آور بھیڑ میں شامل تھا اور کلچرل سینٹر کے باہر وزیر اعظم کی گھات میں تھا۔

صدر Zuzana Capuova نے پولیس کے ذریعہ مشتبہ حملہ آور کی گرفتاری کی تصدیق کی ہے اور عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ قانون کے نفاذ کی ایجنسیوں کی جانب سے مزید تفصیلات کا انتظار کریں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆